مِرقاۃُ الادب

یعنے

تھرڈ مِڈل عربی کورس

مؤلفہ

مولوی محمد نورالدین قاری

اول مدرس عربی سٹیٹ ہائی سکول سرینگر کشمیر

مُصنّف

کاشر ہارہ باگے - کاشر مسلہ کتاب - المنطق - ضروریات دین -
ادعیۃ الاسلام - اسلامی دعا - قاعدہ نورانی - رسالہ نماز وغیرہ -

مرقاۃ الادب در مطبع وزیر ہند پریس امرتسر طبع شد

باہتمام بھائی بہادر سنگھ [illegible] پرنٹر

تعداد جلد ایکہزار — قیمت فی جلد ۵ ر

کتاب شروع کرنے سے پہلے اسکی غلطیاں درست کرو

غلط	صحیح	صفحہ	سطر عبارت عربی
فالحسن	فالحسن	۴	۳
جنبہم	جنبہم	۵	۲
مَن ماتَ	من ماتَ	۶	۱۰
السّخاء	السخاء	۸	۱۰
فاغطاہ	فاعطاہ	۹	۷
قد غرس	قد غرس	۱۰	۴
بعض الطریق	بعض الطریق	۱۲	۵
بشر	بشر	۱۲	۷
کالتقلب	کالمتقلب	۱۲	۱۰
الانصاری	الانصاری	۱۳	۳
الفیان	الفتیان	۱۴	۱
قرانی	قرآنی	۱۵	۲
اللادقاء	اللاوقاء	۱۶	در تشریح الفاظ
صفحہ ۱۶ کی سطر عبارت عربی ۳ میں لفظ فباعہ کے بعد لکھیں:- فشراہ من یاکل الخشکار ویطعمہ النخالۃ - فطلب البیع منہ - فباعہ			
تناشہ	تناثر	۱۷	در تشریح الفاظ

غلط	صحیح	صفحہ	سطر عبارت عربی
کلبًا	کلبًا	۱۸	۱
پکڑا دیدیا اسکو	پکڑا دیا اسکو	۱۹	در تشریح الفاظ
یفنع علینا فال	ینفق علینا قال	۱۹	۵
ثم ناولہا	ثم ناولہا	۲۰	۱
الشعر	الشعر	۲۰	۲
واخفظوہ	واحفظوہ	۲۴	۴
لم یعثروا	لم یعثروا	۲۴	۱۱
مقمرۃ	مقمرۃ	۲۶	(در تشریح الفاظ در سطر ۶)
آمرھما	آمرھما	۲۹	۷
ضرر	ضرر	۳۰	۸
عادتھا	عادتھا	۳۰	۱۹
ادخال	اذخال	۳۲	۹
اللعب	اللعب	۳۳	۲
قراءۃ	قراءۃ	۳۵	۱۱
صغراك	صغراك	۳۶	۱
صغراہ	صغرہ	۳۷	۶
کبراہ	کبرہ	۳۷	۶

(بقیہ آخری صفحہ جیم پر)

یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ

مرقاۃ الادب

ڈل سکولوں کی تیسری جماعت کیواسطے

تالیف

مولوی محمد نورالدین قاری

اوّل مدرس عربی سٹیٹ ہائی سکول سرینگر کشمیر

سنہ ۱۳۴۱ھ
۱۹۲۳ء

مطبوعہ پبلک پرنٹنگ پریس لاہور باہتمام رگھونندن شرما مینجر

طبع اول

قیمت ۸/

فهرس المضامين

الباب الاوّل فى النّثر

الباب الثانى فى النّظم

تمّت الفهرس

ہدایات برائے مُدرّس عزلی

(۱) روزانہ طلبہ عربیہ کا ایک ایک صفحہ عربی خوشخطی کا دیکھا کریں۔ اور خود اصلاح بھی اس پر کیا کریں۔

(۲) علاوہ عربی خوشخطی کاپی کے عربی مشکل الفاظ کی کاپی۔ اور عربی ترجمہ کی کاپی کا اُن کے پاس ہونا اشد ضروری ہے۔

(۳) ہر ہفتے میں کم از کم دو مرتبہ طلبہ کو ڈکٹیشن کرایا جائے۔

(۴) جن مشکل الفاظ کے معانی کتاب میں نہیں دئے گئے ہیں۔ طلبہ کو وہ پہلے کاپی پر لکھوائے جائیں۔ بعد میں انکو سبق پڑھایا جائے۔

(۵) ترجمہ عربی کے گھنٹے میں ہی انکو کرا کر پھر اسکی تصحیح بھی اسیوقت کیجائے۔ تاکہ دوسرے روز کاپی پر خوشخط کر کے وہ اس کو لکھکر لائیں۔

(۶) کل کے پڑھے ہوئے سبق کو دوسرے روز ضرور سنا کرے۔

خاکسار

مُؤلِّف۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

اَلْبَابُ الْاَوَّلُ فِى الْحِكَايَاتِ وَغَيْرِهَا

اَلدَّرْسُ الْاَوَّلُ

مَعْقُوْدَةٌ ۔ وابستہ جکڑی ہوئی ۔
رَوِّهِمْ ۔ سکھا دے اُن کو ۔
تَهَدَّدْهُمْ ۔ ڈرا اُن کو ۔
لَا تُمِلَّهُمْ ۔ نہ ملول کر اُن کو ۔
اَعَفُّ ۔ اچھے اور اعلیٰ خیال کا ۔
مُحَادَثَةٌ ۔ ہم کلام ہونا ۔

قَالَ ابْنُ عُتْبَةَ يُوْصِيْ مُؤَدِّبَ وُلْدِهٖ ۔ لِيَكُنْ اَوَّلُ اِصْلَاحِكَ بَنِيَّ اِصْلَاحَكَ لِنَفْسِكَ ۔ فَاِنَّ عُيُوْبَهُمْ مَعْقُوْدَةٌ بِعَيْبِكَ فَالْحَسَنُ عِنْدَهُمْ مَا فَعَلْتَ وَالْقَبِيْحُ مَا تَرَكْتَ ۔ عَلِّمْهُمُ الدِّيْنَ وَلَا تُمِلَّهُمْ فِيْهِ فَيَتْرُكُوْهُ ۔ وَلَا تَتْرُكْهُمْ مِنْهُ فَيَهْجُرُوْهُ وَرَوِّهِمْ مِنَ الشِّعْرِ اَعَفَّهٗ ۔ وَمِنَ الْكَلَامِ اَشْرَفَهٗ ۔ وَلَا تُخْرِجْهُمْ مِنْ عِلْمٍ اِلٰى عِلْمٍ حَتّٰى يُحْكِمُوْهُ ۔ فَاِنَّ ازْدِحَامَ الْكَلَامِ فِى السَّمْعِ مَضَلَّةٌ لِلْفَهْمِ ۔ تَهَدَّدْهُمْ بِيْ ۔ وَاَدِّبْهُمْ

دُوْنِیْ۔ وَکُنْ کَالطَّبِیْبِ الَّذِیْ لَا یُعَجِّلُ بِالدَّوَآءِ قَبْلَ مَعْرِفَةِ الدَّآءِ۔ وَجَنِّبْهُمْ مُحَادَثَةَ السُّفَهَآءِ وَرَوِّهِمْ سِیَرَ الْحُکَمَآءِ۔

سوالات گرامر۔ (۱) عبو بہم کی ب کیوں منصوب ہے (۲) الکلام کے نیچے کیوں زیر ہے۔ (۳) ما فعلت کو کسرہ پڑھنے سے کیا نقصان واقع ہوتا ہے۔

عربی میں ترجمہ کرو:۔ لڑکوں کے معلم کو چاہیئے۔ کہ پہلے خود مہذب ہو۔ تاکہ اس سے لڑکوں میں اچھے خیال پیدا ہوں۔ رذیل آدمیوں کی ہمنشینی بچوں کیلئے بہت مُضر ہے۔ جب تک ایک بات بخوبی ذہن نشین نہو دوسری شروع نہ کیجائے۔

اَلدَّرْسُ الثَّانِیْ

اُوْصِیْكَ۔ میں تمہیں وصیت اور تاکید کرتا ہوں۔

شَغَلَ عَنْهُ۔ وہ اس سے باز رہا۔

اَنْذَالٌ۔ فرومایئے۔ کمینے۔

اَلْقَصْدُ۔ میانہ روی۔

حَفَرَ۔ کھودا۔

مَزَحَ۔ ہنسی اور مخول کیا۔

قِیْلَ اَوْصٰی عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِبْنَهٗ۔ فَکَانَ مِنْ وَصِیَّتِهٖ۔ یَا بُنَیَّ اُوْصِیْكَ بِتَقْوَی اللّٰهِ فِی الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ۔ وَکَلِمَةِ الْحَقِّ فِی الرِّضَآءِ وَالْغَضَبِ۔ وَالْقَصْدِ فِی الْفَقْرِ وَالْغِنٰی۔ وَالْعَدْلِ عَلَی الصَّدِیْقِ وَالْعَدُوِّ۔ وَالْعَمَلِ فِی النَّشَاطِ

وَالْكَسَلِ - وَالرِّضَاءِ عَنِ اللّٰهِ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخَاءِ - وَاعْلَمْ يَا بُنَيَّ! - اَنَّ مَنْ اَبْصَرَ عَيْبَ نَفْسِهِ شُغِلَ عَنْ عَيْبِ غَيْرِهٖ وَمَنْ رَضِيَ بِقِسْمِ اللّٰهِ لَمْ يَحْزَنْ عَلٰى مَافَاتَهٗ - وَمَنْ سَلَّ سَيْفَ الْبَغْيِ قُتِلَ بِهٖ - وَمَنْ حَفَرَ لِاَخِيْهِ بِئْرًا وَقَعَ فِيْهِ - وَمَنْ نَسِيَ خَطِيْئَتَهٗ اِسْتَعْظَمَ خَطِيْئَةَ غَيْرِهٖ - وَمَنْ سَلَكَ مَسَالِكَ السُّوْءِ اُتُّهِمَ - وَمَنْ خَالَطَ الْاَنْذَالَ حُقِّرَ - وَمَنْ جَالَسَ الْعُلَمَاءَ وُقِّرَ - وَمَنْ مَزَحَ اُسْتُخِفَّ بِهٖ - وَمَنْ اَكْثَرَ مِنْ شَيْءٍ عُرِفَ بِهٖ - وَمَنْ كَثُرَ كَلَامُهٗ كَثُرَ خَطَاؤُهٗ - وَمَنْ كَثُرَ خَطَاؤُهٗ قَلَّ حَيَاؤُهٗ - وَمَنْ قَلَّ حَيَاؤُهٗ قَلَّ وَرَعُهٗ وَمَنْ قَلَّ وَرَعُهٗ مَاتَ قَلْبُهٗ - وَمَنْ مَاتَ قَلْبُهٗ دَخَلَ النَّارَ

سوالات گرمیر - (۱) قیل کیا فعل ہے - (۲) بئرا کس لئے منصوب ہے - (۳) مسالک کس کی جمع ہے - اور کس وزن پر ہے -

عربی میں ترجمہ کرو:- ہمیشہ سچ بولنے کی عادت ڈالو - چاہ کن را چاہ در پیش - جسکا دل مرگیا - جہنم میں داخل ہوا - بنی آدم کو چاہئے کہ ہر امر میں عدل اور انصاف سے کام لے -

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ

لَا يَبْلٰى - پرانا نہیں ہوتا -	**جَسِيْمٌ** - مراد بہت -
اَلْحَائِرُ - گمراہ اور حیران پریشان آدمی	**مَعْنَى الْخَبَرِ** - حدیث میں آیا ہے -

اَلْعِلْمُ شَرَفٌ لِلْاِنْسَانِ وَفَخْرٌ فِي جَمِيعِ الْاَزْمَانِ - وَهُوَ الْكَنْزُ الَّذِي لَا يَفْنٰى مَزِيْدُهُ - وَالْعِزُّ الَّذِي لَا يَبْلٰى جَدِيْدُهُ - قَدْرُهُ عَظِيْمٌ - وَفَضْلُهُ جَسِيْمٌ - وَفِي الْخَبَرِ شَرَافَةُ الْاِنْسَانِ بِالْعِلْمِ وَالْاَدَبِ - لَا بِالْمَالِ وَالنَّسَبِ كَتَبَ اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اِلَى ابْنِهٖ زُبَيْرٍ رض - يَابُنَيَّ عَلَيْكَ بِالْعِلْمِ - فَاِنَّكَ اِنِ افْتَقَرْتَ اِلَيْهِ كَانَ مَالًا - وَاِنِ اسْتَغْنَيْتَ عَنْهُ كَانَ جَمَالًا - وَعَنْ وَكِيْعٍ رض - لَا يَكُوْنُ الرَّجُلُ عَالِمًا حَتّٰى يَسْمَعَ مِمَّنْ هُوَ اَسَنُّ مِنْهُ - وَمِمَّنْ هُوَ مِثْلُهٗ - وَمِمَّنْ هُوَ دُوْنَهٗ - وَقَالَ الْاِمَامُ الشَّافِعِيُّ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ - لَيْسَ بَعْدَ الْفَرَائِضِ اَفْضَلُ مِنْ طَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ نُوْرٌ يَهْتَدِي بِهِ الْحَائِرُ - وَقَالَ الْاِمَامُ مَالِكُ ابْنُ اَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ - لَيْسَ الْعِلْمُ بِكَثْرَةِ الرِّوَايَةِ اِنَّمَا الْعِلْمُ نُوْرٌ يَجْعَلُهُ اللهُ فِي قَلْبِ مَنْ يَشَاءُ -

سوالات گرامر - جَدِیْدٌ کے وزن پر چند اور اوزان بتاؤ - (۲) کَتَبَ کیا صیغہ ہے - (۳) یَہْتَدِی کا وزن کیا ہے -

عربی میں ترجمہ کرو :- کونسا خزانہ تمام نہیں ہوتا - انسان کو مال سے شرافت حاصل نہیں ہوتی - جسکو علم نہو - وہ آدمی ہی نہیں - انسان تب عالم ہوتا ہے - جب وہ ہر ایک کی سُنے -

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ

ضَيْعَةٌ - جاگیر
قُرْصٌ - روٹی کا ٹکڑا -

حَائِطٌ - باغ - کھیت -
قُوْتٌ - خوراک -

حُكِيَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ خَرَجَ يَوْمًا اِلٰى ضَيْعَةٍ لَهٗ - فَنَزَلَ عَلٰى نَخْلِ قَوْمٍ - وَ فِيْهِ غُلَامٌ اَسْوَدُ يَعْمَلُ - فَدَخَلَ الْحَائِطَ كَلْبٌ - فَرَمٰى اِلَيْهِ الْغُلَامُ بِقُرْصٍ فَاَكَلَهٗ - ثُمَّ رَمٰى اِلَيْهِ بِاٰخَرَ فَاَكَلَهٗ - ثُمَّ رَمٰى اِلَيْهِ بِثَالِثٍ فَاَكَلَهٗ - وَ عَبْدُ اللّٰهِ يَنْظُرُ اِلَيْهِ - فَقَالَ يَا غُلَامُ كَمْ قُوْتُكَ كُلَّ يَوْمٍ ؟ - قَالَ مَا رَاَيْتَ - قَالَ فَلِمَ اٰثَرْتَ الْكَلْبَ عَلٰى نَفْسِكَ - قَالَ مَا هِيَ بِاَرْضِ كِلَابٍ - اِنَّمَا جَاءَ مِنْ مَسَافَةٍ بَعِيْدَةٍ جَائِعًا - فَكَرِهْتُ رَدَّهٗ - قَالَ فَمَا اَنْتَ صَانِعٌ الْيَوْمَ ؟ - قَالَ اَجُوْعُ هٰذَا الْيَوْمَ لِلّٰهِ تَعَالٰى - قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اُلَامُ عَلَى السَّخَاءِ - اِنَّ هٰذَا لَاَسْخٰى مِنِّيْ - فَاشْتَرَى الْغُلَامَ وَ الْحَائِطَ وَ مَا فِيْهِ مِنَ الْاَشْجَارِ وَ النَّخْلِ - وَ وَهَبَهٗ لِلْغُلَامِ وَ اَعْتَقَهٗ -

سوالات گرامر - (۱) اَنَّ کیا عمل کرتا ہے - (۲) یَعْمَلُ کی گردان کرو -
(۳) یا غلام کے میم پر کیوں پیش ہے - (۴) اَسْخٰی کیا صیغہ ہے -

عربی میں ترجمہ کرو:۔ زید بن بکر ایک دن اپنے باغ میں چلا گیا۔ وہاں ایک حبشی کو کھانا کھاتے دیکھا۔ اسی اثنا میں ایک اجنبی کتا آیا۔ اور حبشی کے سامنے آبیٹھا۔ حبشی نے اپنا سارا کھانا کتے کے آگے رکھدیا۔ اور خود بھوکا رہا۔

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ

صَيَارِفَةٌ۔ صراف لوگ۔

دَانِقٌ۔ چھ ماشہ کا تقریباً ایک وزن ہوتا ہے۔

قِيرَاطٌ۔ تین ماشہ کا ایک وزن ہے۔

دَنَانِيرُ۔ جمع دینار کی۔ ساڑھے تین ماشہ سونے کا ہوتا ہے

دَفَعَ۔ دیدیا۔

رُوِيَ اَنَّ الصَّيَارِفَةَ اِجْتَمَعُوا عَلٰى وَزْنِ الدَّنَانِيرِ وَالذَّهَبِ فِي الْجَامِعِ لِاَجْلِ السُّلْطَانِ۔ فَقَامَ فَقِيرٌ مِنْ زَاوِيَةِ الْمَسْجِدِ۔ فَسَاَلَهُمْ نِصْفَ دَانِقٍ مِنْ فِضَّةٍ۔ فَمَا اَعْطَوْهُ فَلَمَّا خَرَجُوا تَرَكُوا كِيسًا فِيهِ خَمْسُ مِائَةِ دِينَارٍ۔ فَاَخَذَ الْفَقِيرُ وَتَرَكَهُ تَحْتَ التُّرَابِ۔ فَرَجَعَ صَاحِبُهُ۔ فَقَالَ يَا فَقِيرُ! تَرَكْتُ هٰهُنَا كِيسًا فِيهِ خَمْسُمِائَةِ دِينَارٍ۔ مَا رَاَيْتَهُ؟ قَالَ بَلٰى۔ وَاَخْرَجَهُ وَدَفَعَهُ اِلَيْهِ۔ فَفَتَحَهُ فَاَعْطَاهُ خَمْسِينَ دِينَارًا۔ فَقَالَ الْفَقِيرُ لَا اُرِيدُهَا۔ فَقَالَ صَاحِبُ الْكِيسِ

كُنْتَ تَطْلُبُ قِيْرَاطًا - فَالْآنَ مَا تَأْخُذُ خَمْسِيْنَ دِيْنَارًا -
قَالَ كُنْتُ أَطْلُبُ شَيْئًا عَلٰى سَبِيْلِ الْفَقْرِ - وَالْآنَ لَا
آخُذُ لِأَنِّيْ أَبِيْعُ دِيْنِيْ بِالدُّنْيَا ۔

سوالاتِ گرمیہ - اس حکایت میں جتنے مُتعدّی فعل آئے ہیں
ان سب کے نام لو - (۲) کیسًا کیوں منصوب ہے - (۳) صاحب کیسلئے مضموم ہے
عربی میں ترجمہ کرو - چند آدمی کسی مسجد میں سونا چاندی وزن کرنے
کیلئے چلے گئے - وہاں ایک غریب نے سوال کیا - کہ برائے خدا مجھے بھی
کچھ دو - لیکن انہوں نے نہ دیا - جب صرّاف لوگ وہاں سے چلے گئے -
تو کچھ سونا وہاں بھول گئے - غریب نے اُسے اٹھا کر اپنی جیب میں رکھ لیا -

---

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ

يَغْرِسُ - گاڑتا ہے -	هَرِمٌ - بوڑھا -
أَوَانٌ - وقت -	مَا أَنْعَمَ - کیا ہی اچھا
بَطِيْئُ الثَّمَرِ - دیر سے پھل دینے والا -	پھل دیا -
	وَقَفْنَا ٹھہرے ہم -

حُكِيَ أَنَّ كِسْرٰى أَنُوْشِيْرَوَانَ مَرَّ عَلٰى شَيْخٍ يَغْرِسُ شَجَرَ
الزَّيْتُوْنِ - فَقَالَ لَيْسَ هٰذَا أَوَانَ غَرْسِكَ الزَّيْتُوْنَ -
لِأَنَّهُ شَجَرٌ بَطِيْئُ الثَّمَرِ - وَأَنْتَ شَيْخٌ هَرِمٌ - فَقَالَ أَيُّهَا
الْمَلِكُ ! قَدْ غَرَسَ مَنْ قَبْلَنَا فَأَكَلْنَا - وَنَغْرِسُ لِيَأْكُلَ

مَنْ بَعْدِنَا۔ فَقَالَ كِسْرٰى زِهْ اَىْ اَحْسَنْتَ۔ وَكَانَ اِذَا قَالَهَا يُعْطِى مَنْ قِيْلَتْ لَهٗ اَرْبَعَةُ اٰلَافِ دِرْهَمٍ۔ نَدُفِعَتْ لَهٗ۔ فَقَالَ اَيُّهَا الْمَلِكُ! كَيْفَ رَاَيْتَ غَرْسِىْ فَمَا اَسْرَعَ مَا اَثْمَرَ۔ فَقَالَ زِهْ۔ فَزِيْدَ اَرْبَعَةُ اٰلَافٍ۔ فَقَالَ اَيُّهَا الْمَلِكُ! كُلُّ شَجَرَةٍ تُثْمِرُ فِىْ كُلِّ عَامٍ مَرَّةً۔ وَشَجَرِىْ اَثْمَرَ فِىْ سَاعَةٍ وَاحِدَةٍ مَرَّتَيْنِ۔ فَقَالَ زِهْ۔ فَزِيْدَ مِثْلَهَا۔ فَمَضٰى كِسْرٰى وَقَالَ انْصَرِفُوْا۔ فَلَئِنْ وَقَفْنَا لَمْ يَكْفِهٖ مَا فِىْ خَزَائِنِنَا ✦

سوالات گریمر۔ (۱) يَغْرِسُ فعل لازم ہے یا متعدی۔ نمر سِیک کا تیسرا حرف کس لئے مجرور ہے۔ (۳) قد غرس سے ماضی بعید اور ماضی استمراری کیا ہو گا۔ (۴) ما احسن کیسا فعل ہے۔

عربی میں ترجمہ کرو:۔ زید ایسے موسم میں جب کہ ابھی درخت لگانے کا وقت نہ تھا۔ شہتوت کا درخت لگانے لگا۔ ایک مردِ دانا اس کے پاس سے گذرا۔ اور کہا۔ میاں یہ درخت لگانے کا موسم نہیں ہے۔ کیوں ناحق ایسا کرتے ہو۔ زید غصّے میں آکر بولا۔ تم اس سے ناواقف ہو۔ اس دانا آدمی نے اسکو احمق سمجھکر اُس سے اِعراض کیا۔ اور چل دیا ✦

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ

صَاحِبُ الشُّرْطَةِ۔ پولیس والا۔	حَمَلَهُ۔ اُسے پکڑ لے چلا۔
اِنْفَلَتَ۔ کھسک گیا۔	تَرَامٰی۔ کُود پڑا۔
سَرَبٌ۔ سُرنگ۔	فَارٌّ۔ بھاگنے والا۔

حَکَی الطَّرْطُوسِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِی کِتَابِهٖ سِرَاجُ الْمُلُوْکِ۔ قَالَ مِنْ اَعْجَبِ مَا اتَّفَقَ بِالْاِسْکَنْدَرِیَّةِ۔ اَنَّ رَجُلًا مِنْ خَدَمِ نَائِبِ الْاِسْکَنْدَرِیَّةِ غَابَ عَنْ خِدْمَتِهٖ اَیَّامًا۔ فَفِی بَعْضِ الْاَیَّامِ قَبَضَ عَلَیْهِ صَاحِبُ الشُّرْطَةِ۔ وَحَمَلَهُ اِلٰی دَارِ النَّائِبِ فَانْفَلَتَ مِنْهُ فِی بَعْضِ الطَّرِیْقِ۔ وَتَرَامٰی فِی بِئْرٍ۔ فَرَاٰی فِیْهَا سَرَبًا۔ فَمَا زَالَ یَمْشِیْ فِیْ ذٰلِکَ السَّرَبِ اِلٰی اَنْ لَاحَ لَهٗ بِئْرٌ مُضِیْئَةٌ۔ فَطَلَعَ مِنْهَا۔ فَاِذَا الْبِئْرُ فِیْ دَارِ النَّائِبِ فَلَمَّا طَلَعَ الرَّجُلُ۔ اَمْسَکَهُ النَّائِبُ وَاَدَّبَهٗ۔ فَکَانَ فِیْهِ الْمَثَلُ السَّائِرُ۔ اَلْفَارُّ مِنَ الْقَضَاءِ الْغَالِبِ کَالْمُتَقَلِّبِ فِیْ یَدِ الطَّالِبِ ٭

سُوالاتِ گرامر۔ (۱) اِتَّفَقَ کس باب سے ہے۔ (۲) حرف اِنَّ نے رَجُلًا پر کیا عمل کیا۔ (۳) ترکیب کرو:۔ حَمَلَهُ اِلٰی دَارِ النَّائِبِ۔ عربی میں ترجمہ کرو:۔ ایک طالبعلم مدرسہ سے چند دن غیر حاضر

رہا۔ اتفاقاً ایک دِن ماسٹر صاحب نے اسکو راستی میں آوارہ پھرتے دیکھا۔ لڑکا ماسٹر صاحب کو دیکھکر ایک گلی سے کھِسک گیا۔ جب لڑکا اس گلی سے شارع عام کیطرف نکل رہا تھا۔ اتفاقاً ماسٹر صاحب بھی وہیں سے گذر رہے تھے۔ فوراً لڑکے کو پکڑ لیا اور سکول نہ آنے کی سبب اس کو خوب سزا دِی +

اَلدَّرسُ الثَّامِنُ

حَسَنَیْنِ۔ حضرت امام حَسَن اور حضرت امام حُسَین سے مُراد ہے۔
حُمُوْلٌ۔ جمع حَمْلٌ۔ نر اُونٹ
اُوْقِرُ۔ میں بوجھ لاددونگا۔
اَلْجَاؤُا۔ پناہ لی اُنہوں نے۔
اِلْقَ۔ مِل۔ ملاقات کر۔
مُؤْنَۃٌ۔ تکلیف۔ سختی۔

قِیْلَ اِنَّ الْحَسَنَیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا خَرَجَا مِنْ مَکَّۃَ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ۔ وَمَعَہُمَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ۔ وَ اَبُوْ حَبَّۃِ الْاَنْصَارِیُّ۔ فَاَصَابَہُمُ السَّمَآءُ۔ فَاَلْجَاؤُا اِلٰی خِبَاءِ اَعْرَابِیٍّ۔ فَاَقَامُوْا عِنْدَہٗ ثَلٰثًا۔ حَتّٰی سَکَنَتِ السَّمَآءُ۔ وَذَبَحَ لَھُمْ۔ فَلَمَّا ارْتَحَلُوْا قَالَ لَہٗ عَبْدُ اللّٰہِ اِنْ قَدِمْتَ الْمَدِیْنَۃَ فَاسْئَلْ عَنَّا۔ فَاحْتَاجَ الْاَعْرَابِیُّ بَعْدَ سِنِیْنَ۔ فَقَالَتْ لَہٗ امْرَاَتُہٗ۔ لَوْ اَتَیْتَ الْمَدِیْنَۃَ فَلَقِیْتَ اُولٰٓئِكَ

اَلْفِتْيَانِ - فَقَالَ قَدْ نَسِيْتُ اَسْمَاءَ هُمْ - قَالَتْ سَلْ عَنِ ابْنِ الطَّيَّارِ - فَاَتَاهُ - فَقَالَ اِلْحَقْ سَيِّدَنَا الْحَسَنَ رض فَلْقِيَهُ - فَاَمَرَ لَهٗ بِمِائَةِ نَاقَةٍ بِفُحُوْلِهَا وَرُعَاتِهَا - ثُمَّ اَتَى الْحُسَيْنَ رض فَقَالَ كَفَانَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ مُؤْنَةَ الْاِبِلِ - فَاَمَرَ لَهٗ بِاَلْفِ شَاةٍ - ثُمَّ اَتَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ رض - فَقَالَ كَفَانِىْ اَخَوَانِىْ الْاِبِلَ وَالشَّاةَ - فَاَمَرَ لَهٗ بِمِائَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ - ثُمَّ اَتَى اَبَا حَيَّةَ - فَقَالَ وَاللّٰهِ مَا عِنْدِىْ مِثْلَ مَا اَعْطَوْكَ - وَلٰكِنْ جِئْنِىْ بِاِبِلِكَ فَاُوْقِرُهَا لَكَ تَمْرًا - فَلَمْ يَزَلِ الْيَسَارُ فِىْ اَعْقَابِ الْاَعْرَابِىِّ ؁

سوالات گرامر (۱) قیل کے بعد بجای اِنَّ کے اَنَّ کیوں نہیں آیا۔ (۲) حسنین سے کون مراد ہیں۔ اور کیا صیغہ ہے۔ (۳) فلمّا ارتحلوا کے فاعل کون لوگ ہیں۔ تم ان کے نام لو۔

عربی میں ترجمہ کرو: - حسنین رضی اللہ عنہما کس طرف کو روانہ ہوئے۔ اور ان کے ساتھ تیسرا کون شخص تھا۔ کس لئے وہ اعرابی کے خیمہ میں جا گھسے۔ اور اعرابی ان کے پاس کب چلا گیا۔ اور کس واسطے چلا گیا۔ انہوں نے اس کی خدمت کے عوض اسے کیا کچھ دیا۔

الدَّرْسُ التَّاسِع

بِتُّ لَيْلَةً۔ میں نے ایک رات گذاری۔	جَوْفُ اللَّيْلِ۔ نصفِ شب۔
قَامَ عَلٰى رَأْسِیْ۔ میرے سامنے آکھڑا ہوا۔	وَصِيْفٌ۔ خادم۔ نوکر۔
	وَصِيْفَةٌ۔ خادمہ۔ کنیز

عَنِ الْقَاضِیْ يَحْيٰى بْنَ اَكْتَمَ۔ قَالَ بِتُّ لَيْلَةً عِنْدَ الْمَامُوْنِ فَعَطِشْتُ فِیْ جَوْفِ اللَّيْلِ فَقُمْتُ لِاَشْرَبَ مَاءً فَرَاٰنِی الْمَامُوْنُ وَقَالَ مَالَكَ يَا يَحْيٰى قُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنَا عَطْشَانٌ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى مَوْضِعِكَ۔ فَقَامَ اِلٰى مَحَلِّ الْمَاءِ فَجَاءَنِیْ بِكُوْزِ مَاءٍ وَقَامَ عَلٰى رَأْسِیْ۔ فَقَالَ اشْرَبْ يَا يَحْيٰى فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! هَلْ لَا وَصِيْفٌ اَوْ وَصِيْفَةٌ؟ قَالَ اِنَّهُمْ نِيَامٌ۔ قُلْتُ اَنَا اَقُوْمُ لِلشُّرْبِ۔ فَقَالَ لِیْ۔ لُوْمٌ بِالرَّجُلِ اَنْ يَسْتَخْدِمَ ضَيْفَهٗ۔ ثُمَّ قَالَ يَا يَحْيٰى فَقُلْتُ لَبَّيْكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ قَالَ اَلَا اُحَدِّثُكَ۔ قُلْتُ بَلٰى يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ قَالَ سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ۔

سوالات گرامر۔ (۱) لِاَشْرَبَ کے بَ کو کس نے زبر دیا۔ (۲) اَشْرَبُ کیسا فعل ہے۔ (۳) نیام کا واحد کیا ہو گا۔ (۴) سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ کی ترکیب کرو۔

عربی میں ترجمہ کرو:۔ سفر کے ایام میں مینے ایکدفعہ ایک آدمی کے ہاں رات گذاری۔ سوتے وقت مجھے سخت پیاس لگی۔ بوجہ ناواقف ہونے کے مینے پانی کیلئے صاحب مکان کو بلانا مناسب نہ سمجھا۔ تو اچانک میرے کانوں میں یہ آواز آئی۔ کہ خالہ مہمان پانی پینے کے لئے مانگتا ہے۔

اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ

بَعْضُ الْاَرِقَّاءِ - ایک نوکر۔
خُشْكَارٌ - اَن چھن آٹا۔
حَلْقٌ - موہنڈنا۔
نَخَّاسٌ - غلاموں کا دلال۔
خَاصٌ - صاف چھانا ہوا آٹا۔
نُخَالَةٌ - بھوس۔
مَنَارَةٌ - چراغ کے رکھنے کیجگہ۔

حُكِيَ اَنَّ بَعْضَ الْاَرِقَّاءِ كَانَ عِنْدَ مَالِكٍ يَاكُلُ الْخَاصَّ وَيُطْعِمُهُ الْخُشْكَارَ - فَاسْتَنْكَفَ الرَّقِيْقُ مِنْ ذٰلِكَ - فَطَلَبَ الْبَيْعَ فَبَاعَهُ - فَشَرَاهُ مَنْ لَا يَاكُلُ شَيْئًا - وَحَلَقَ رَاْسَهُ - وَكَانَ فِي اللَّيْلِ يُجْلِسُهُ وَيَضَعُ السِّرَاجَ عَلٰى رَاْسِهٖ بَدَلًا مِنَ الْمَنَارَةِ - فَاَقَامَ عِنْدَهُ وَلَا طَلَبَ الْبَيْعَ مِنْهُ - فَقَالَ لَهُ النَّخَّاسُ لِاَيِّ شَيْءٍ رَضِيْتَ بِهٰذِهِ الْحَالَةِ عِنْدَ هٰذَا الْمَالِكِ - قَالَ اَخَافُ مِمَّنْ يَشْتَرِيْنِيْ

فِی هٰذِهِ الْمَرَّةِ - وَيَضَعُ الْفَتِيْلَةَ فِی عَيْنَيِّ عِوَضًا عَنِ السِّرَاجِ ÷

سوالات گرگیر - حُکیَ کیسا فعل ہے - اور کسطرح اِس صُورت میں آیا ہے - (۲) يُطْعِمُ کتنے مفعول کو چاہتا ہے - (۳) مِنْ ذٰلِکَ میں کِس بات کی طرف اِشارہ ہے -

عربی میں ترجمہ کرو - وہ خود چاول کھاتا تھا - اور نوکر کو روٹی کھلاتا تھا - یہی وجہ ہے کہ وہ اپنا آقا سے ناراض ہوکر بھاگا - اور ایک دوسرے آدمی کی ملازمت اختیار کرلی مگر وہ غریب خود رُوٹی کھاتا تھا - اور اسکو صِرف پانی پر گُذارہ کراتا ÷

اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ عَشَرْ

رَبَّاهُ - پالا اُس کو -	كَرِعَ - چاٹا -
تَنَزَّهَ - سیر کو جانا -	مَجَّ فِيْهِ - تھُوکا اپنے مُنہ سے
نُکَافِئُهُ - ہم اُس کو بدلہ دیں گے -	رَابِضٌ - بیٹھا ہُوا -
	تَنَاثَرَ - بکھر گیا -

وَمِنْ ذُكَاءِ الْكَلْبِ مَا ذَكَرَهُ ابْنُ الْجُوْزِيِّ - وَهُوَ اَنَّ بَعْضَ الْاَكَابِرِ مَرَّ بِمَقْبَرَةٍ - وَاِذَا قَبْرٌ مَكْتُوْبٌ عَلَيْهِ هٰذَا قَبْرُ الْكَلْبِ - فَسَاَلَ شَيْخًا مِنْ اَهْلِ الْقَرْيَةِ -

فَقَالَ كَانَ هُنَالِكَ مَلِكٌ عَظِيمُ الشَّانِ - وَكَانَ لَهُ كَلْبٌ رَبَّاهُ - وَلَا يُفَارِقُهُ - فَخَرَجَ يَوْمًا إِلَى بَعْضِ مُتَنَزَّهَاتِهِ وَقَالَ لِلطَّبَّاخِ أَصْلِحْ لَنَا ثُرْدَةً بِلَبَنٍ - فَجَاؤُا بِاللَّبَنِ إِلَى الطَّبَّاخِ وَنَسِيَ أَنْ يُغَطِّيَهُ - فَخَرَجَ مِنْ بَعْضِ السُّقُوفِ أَفْعَى - فَكَرَعَ فِي اللَّبَنِ وَمَجَّ فِيهِ فِي الثُّرْدَةِ مِنْ سَمِّهِ - وَالْكَلْبُ رَابِضٌ يَرَى ذٰلِكَ - وَلَمْ يَجِدْ لَهُ حِيلَةً - يَصِلُ بِهَا إِلَى الْأَفْعَى - فَلَمَّا أَتَى الْمَلِكُ مِنَ الصَّيْدِ - وَقَالَ لِلْغِلْمَانِ إِيتُونِي بِالثُّرْدَةِ - فَلَمَّا وُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ - لَجَّ الْكَلْبُ بِالصِّيَاحِ - فَلَمْ يَعْلَمْ مُرَادَهُ - وَرَمَى إِلَى الْكَلْبِ مِنْ ذٰلِكَ - وَلَمْ يَلْتَفِتْ إِلَيْهِ - وَعَيْنُهُ إِلَى الْمَلِكِ - فَلَمَّا رَاٰى أَنْ يَضَعَ اللُّقْمَةَ فِي فَمِهِ - طَفَرَ بِهَا إِلَى وَسَطِ الْمَائِدَةِ - وَأَدْخَلَ فَمَهُ وَكَرَعَ فِي اللَّبَنِ - فَسَقَطَ مَيِّتًا - وَتَنَاثَرَ لَحْمُهُ - وَبَقِيَ الْمَلِكُ مُتَعَجِّبًا مِنَ الْكَلْبِ - فَقَالَ الْمَلِكُ - هٰذَا الْكَلْبُ قَدْ فَدَانِي بِنَفْسِهِ وَقَدْ وَجَبَ أَنْ نُكَافِيَهُ وَمَا يَحْمِلُهُ وَيَدْفِنُهُ غَيْرِي - فَحَمَلَهُ وَدَفَنَهُ - وَبَنَى عَلَيْهِ هٰذَا الْقُبَّةَ ؛

سُوالات گرامر - (۱) هٰذَا قَبْرُ الْكَلْبِ کی ترکیب کرو - (۲) خَرَجَ ثلاثی مجرد کے ابواب سے کس باب سے ہے - (۳) نکرہ سے پہلے اَل داخل کرنے سے کیا کچھ تغیر واقع ہوتا ہے (۴) فَلَمْ يَعْلَمْ مُرَادَهُ

کا فاعل بتاؤ۔ (۵) حرف لَمْ کیا عمل کرتا ہے۔
عربی میں ترجمہ کرو۔ میں ایکدفعہ سفر میں تھا۔ راستے میں ایک قبر دیکھی۔ جس پر یہ لکھا ہوا تھا۔ کہ یہ وفادار کُتّے کی قبر ہے۔ ایک آدمی جو وہاں سے گذر رہا تھا۔ اس سے اس قبر کی بابت پوچھا۔ اس نے مجھے اسکا سارا واقعہ سنا دیا۔ جسکو سُن کر میں بہت حیران ہُوا۔

اَلدَّرْسُ الثَّانِي عَشَرَ

تَهَيَّأَ۔ تیاری کی۔
اِشْهَادٌ شَرْعِيٌّ۔ باقاعدہ تحریری اسٹامپ۔
حَكَتْ۔ بیان کیا اُس نے۔

وَرَقَةٌ۔ چِٹھی۔
نَاوَلَتْهُ۔ پکڑا یا دیدیا اُسکو۔
مَازَالَ۔ ہمیشہ سے مُراد ہے ؛

قِيلَ اِنَّ رَجُلًا كَانَ جَارًا لِابْنِ عُبَيْدِ اللهِ۔ فَاَصَابَ النَّاسَ قَحْطٌ بِالْعِرَاقِ۔ حَتّٰى رَحَلَ اَكْثَرُ النَّاسِ عَنْهَا۔ فَعَزَمَ جَارُ ابْنِ عُبَيْدِ اللهِ عَلَى الْخُرُوجِ مِنَ الْبَلَدِ۔ وَكَانَتْ لَهُ زَوْجَةٌ لَا تَقْدِرُ عَلَى السَّفَرِ۔ فَلَمَّا رَأَتْ زَوْجَهَا تَهَيَّأَ لِلسَّفَرِ۔ قَالَتْ لَهُ اِذَا سَافَرْتَ مَنْ يُنْفِقُ عَلَيْنَا قَالَ اِنَّ لِي عَلَى ابْنِ عُبَيْدِ اللهِ دَيْنًا۔ وَمَعِي بِهِ اِشْهَادٌ شَرْعِيٌّ عَلَيْهِ فَخُذِي الْاِشْهَادَ وَقَدِّمِيهِ لَهُ۔ فَاِذَا قَرَأَهُ اَنْفَقَ عَلَيْكِ بِمَا عِنْدَهُ

اِلیٰ اَنْ اَحْضُرَ۔ ثُمَّ نَاوَلَهَا وَرَقَةً۔ كَتَبَ فِيهَا اَبْيَاتًا مِنَ الشِّعْرِ۔ وَسَافَرَ عَنْهَا۔ ثُمَّ اِنَّ الْمَرْاَةَ بَعْدَ اَيَّامٍ مَضَتْ اِلَى ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَحَكَتْ لَهُ مَا قَالَ لَهَا زَوْجُهَا۔ وَاَخْبَرَتْهُ بِسَفَرِهٖ۔ وَنَاوَلَتْهُ الرُّقْعَةَ فَقَرَاَهَا۔ فَقَالَ صَدَقَ زَوْجُكِ۔ وَمَا زَالَ يُنْفِقُ عَلَيْهَا۔ وَيُوَاصِلُهَا الْبِرَّ وَالْاِحْسَانَ۔ اِلیٰ اَنْ قَدِمَ زَوْجُهَا۔ فَشَكَرَهٗ عَلیٰ فَضْلِهٖ وَاِحْسَانِهٖ +

سوالاتِ گرامر۔ (۱) رجلاً اور جاراً کس وجہ سے منصوب ہیں۔ (۲) حَتّیٰ نے باوجود حرف جار ہونے کے رَحَلَ پر اپنا کیوں عمل نہ کیا۔ (۳) عُبَیدُ کس قسم کا اسم ہے۔ اسکی چند ایک اور مثالیں بتاؤ (۴) خُذنِی کیا صیغہ ہے۔

عربی میں ترجمہ کرو۔ غریب لوگ عموماً ایام قحط میں دوسرے ملکوں کی طرف نکل جاتے ہیں۔ اسکے پاس بچوں کیلئے کھانے کو کچھ بھی نہ تھا۔ اس نے مجھکو ایک چٹھی دیدی جسمیں لکھا ہوا تھا۔ کہ اگر حامل رقعہ ہذا کو کسی چیز کی ضرورت ہو تو اسکو دیدیں۔

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ عَشَرَ

نَحْوَ۔ قریباً۔	يُوَاظِبُ۔ استقامت کرے۔
اَلْآءُ۔ جمع اِلیٰ کی نعمتیں۔	عُجْبٌ۔ گھمنڈ۔
تَرْكٌ۔ ہٹانا۔ ترک کرنا۔	حِقْدٌ۔ کینہ۔

قَالَ لُقْمَانُ الْحَكِيمُ۔ جَمَعْتُ مِنَ الْمَوَاعِظِ وَالْحِكَمِ نَحْوَ اَرْبَعِمِائَةٍ

حَدِيثٌ - ثُمَّ نَظَرْتُ فِيهَا فَاخْتَرْتُ مِنْهَا أَرْبَعًا۔ الاِثْنَانِ مِنْهَا مَا يَجِبُ لِلْمَرْءِ أَنْ يَتَذَكَّرَهُمَا دَائِمًا عَلٰى كُلِّ حَالٍ - وَهُوَ تَذَكُّرُ الْمَوْتِ الَّذِي لَيْسَ مِنْهُ فَوْتٌ - وَتَذَكُّرُ الْآلَاءِ الرَّبِّ الْمَنَّانِ الَّتِي وَاصِلَةٌ إِلَيْنَا فِي كُلِّ حِينٍ وَ آنٍ - لِكَيْ يَقْدِرَ بِالْأَوَّلِ عَلٰى رَدْعِ الْأَمَانِي وَالْآمَالِ وَالْوَسَاوِسِ وَالْخَيَالِ الْمُحَالِ مِنَ الْبَالِ - وَبِالثَّانِي يُوَاظِبُ عَلٰى أَدَاءِ الشُّكْرِ الْمُنْعِمِ الْمُتَعَالِ - وَالِاثْنَانِ الْبَاقِيَانِ يَنْبَغِي أَنْ يَنْسَاهُمَا الْمَرْءُ عَنْ خَاطِرِهِ - وَهُوَ الْخَيْرُ الَّذِي وَصَلَ مِنْهُ إِلَى الْغَيْرِ - لِكَيْ يَتَخَلَّصَ بِهِ مِنَ الْعُجْبِ - وَالضَّيْرُ الَّذِي وَصَلَ إِلَيْهِ مِنَ الْغَيْرِ - لِكَيْ يَنْجُوَ مِنَ الْحِقْدِ وَالْعِنَادِ +

سُوالات گرامر (۱) حدیثٍ کیوں مجرور ہے - (۲) اٰلٰی کی کیا جمع ہو گی (۳) وَاصِلَۃٌ کی بجای وَاصِل کیوں نہ آیا - (۴) واصل کیا صیغہ ہے - اور از ہفت اقسام کیا ہے -

عربی میں ترجمہ کرو - لُقمان حکیم کو چار سو باتوں میں سے صرف چار باتیں پسند آئیں جنمیں سے دو ہمیشہ کے لئے یاد رکھنے کی قابل ہیں - اور دو بھلانے کے لائق - ان چاروں پر عمل کرنے سے انسان دین و دنیا میں کامیاب ہو سکتا ہے +

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَر

تِلْمِيْذٌ۔ شاگرد۔
سَيِّدَاتٌ۔ شریف عورتیں۔ جمع سیّدہ کی۔
مُكَافَاتٌ۔ بدلہ لینا۔
بَطِيْءٌ۔ دیری۔

اِسْتِمْرَارٌ۔ استقامت کرنا۔
جَيِّدًا۔ بخوبی۔ اچھی طرح سے۔
اِلْقَاءٌ۔ ڈالنا۔ مراد پڑھکر سنانا۔
سَدِيْدٌ۔ پختہ۔ ٹھیک۔

حُكِيَ اَنَّ تِلْمِيْذًا مَرَّ بِاِحْدَى السَّيِّدَاتِ۔ وَهُوَ يَبْكِيْ۔ فَقَالَتْ لَهٗ لِاَيِّ شَيْءٍ تَبْكِيْ۔ فَقَالَ لَهَا اِنَّ الْمُعَلِّمَ اَمَرَنَا بِحِفْظِ الدَّرْسِ۔ وَوَعَدَنَا بِاَنَّ مَنْ يَتَيَقَّنُ حِفْظَهَا وَاِلْقَاءَهَا۔ يُعْطِيْهِ مُكَافَاةً عَظِيْمَةً۔ وَلٰكِنْ لِّيْ بَطِيْءُ الْحِفْظِ۔ قَلِيْلُ التَّصَوُّرِ بِالنِّسْبَةِ لِمَنْ يَتَعَلَّمُوْنَ مَعِيْ۔ لَا يُمْكِنُنِي الْحُصُوْلُ عَلَى الْمُكَافَاتِ۔ وَلِيْ اَمَلٌ فِيْهَا۔ فَقَالَتْ لَهُ السَّيِّدَةُ۔ اُنْظُرْ اِلٰى هٰذَا الْحَيْوَانِ۔ فَاِنَّهٗ يُرِيْدُ اَنْ يَّصْعَدَ فَوْقَ الشَّجَرَةِ۔ مَعَ بَطِيْءِ حَرَكَتِهٖ وَبُعْدِ الْمَسَافَةِ۔ وَلٰكِنْ بِاسْتِمْرَارِهٖ فِي السَّيْرِ شَيْئًا فَشَيْئًا۔ وَتَرْكِهٖ جَمِيْعَ مَا يُشْغِلُهٗ۔ يَصِلُ اِلٰى مَقْصُوْدِهٖ۔ فَاَنْتَ اِذَا حَفِظْتَ كُلَّ يَوْمٍ جُزْءًا صَغِيْرًا مِّنْ هٰذَا الدَّرْسِ۔ تَارِكًا كُلَّ مَا يُشْغِلُكَ غَيْرَ مُبَالٍ بِمَا اَنْتَ عَلَيْهِ مِنْ بَطِيْءِ الْحِفْظِ وَقِلَّةِ التَّصَوُّرِ۔ فَاِنَّكَ تَنَالُ الْمُكَافَاتَ۔ فَمَالَ التِّلْمِيْذُ لِهٰذَا الرَّاْيِ السَّدِيْدِ۔

وَاسْتَمَرَّ فِی الْحِفْظِ بِهٰذِهِ الْحَالَةِ - حَتّٰی حَفِظَ الدَّرْسَ حِفْظًا جَيِّدًا - وَلَمَّا اَتٰی وَقْتُ الْاِمْتِحَانِ وَاجْتَمَعَتِ التَّلَامِیْذُ - قَالَ الْمُعَلِّمُ مَنِ الَّذِیْ یُمْکِنُهٗ اَنْ یُّؤَدِّیَ الْاِمْتِحَانَ فِی الدَّرْسِ لِیَاْخُذَ الْمُکَافَاتَ - فَقَامَ هٰذَا التِّلْمِیْذُ - وَاَجَادَ فِی الْحِفْظِ وَالْاِلْقَآءِ - بِحَالَةٍ تَعَجَّبَ مِنْهَا الْمُعَلِّمُ وَالتَّلَامِیْذُ - وَنَالَ الْمُکَافَاتَ وَحَازَ الثَّنَآءَ الْجَمِیْلَ ؎

سوالاتِ گرامر - (۱) حرف ناصبہ کیا عمل کرتا ہے۔ مُفصّل بیان کرو - (۲) مکافاۃً عظیمۃً - اور نارِ کا کس لئے منصوب ہیں فقَالَ التِّلْمِیْذُ میں تلمیذ پر کیسے الف لام آیا ؎

عربی میں ترجمہ کرو - زید ایک دِن خالد سے روتے ہوئے گذرا - پوچھا روتے کیوں ہو - بولا - کہ مولوی صاحب نے موہنہ زبانی سبق یاد کرنے کے لئے کہا ہے - اور مجھ سے یاد نہیں ہو سکتا - خالد نے اُسے کہا - کہ دیکھو اِس ضعیف اور بوڑھے ناتوان کیطرف کہ کیسے اس پہاڑ پر آہستہ آہستہ چڑھتا جاتا ہے - بالآخر چوٹی پر ضرور ہی پہونچ جائیگا - اِسی طرح سے تم بھی تھوڑا تھوڑا یاد کرو - سارا سبق یاد ہو جائے گا ؎

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ عَشَرَ

رَحِيلٌ۔ چلا جانا۔ مُراد مرنا۔
مُسْتَحِيلٌ۔ دشوار، مشکل۔
وَدَّعَهُمْ۔ رخصت ہوا اُن سے۔
بَحْثٌ۔ کُریدنا۔ تحقیقات کرنا۔
لَمْ يَعْثُرُوْا۔ نہ آگاہ ہوئے۔
سَاخِطِيْنَ۔ ناراض و پشیمان ہو کر۔
بَطَالَةٌ۔ بے کاری۔

حُكِيَ اَنَّ رَجُلًا كَانَ لَهُ ثَلَاثَةُ اَوْلَادٍ۔ وَلَمَّا قَرُبَتْ وَفَاتُهُ جَمَعَهُمْ۔ وَقَالَ لَهُمْ يَا اَوْلَادِيْ۔ اَلْيَوْمَ قَدْ قَرُبَ الرَّحِيْلُ۔ وَالْبَقَاءُ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا مُسْتَحِيْلٌ فَافْهَمُوْا مَا اَقُوْلُهُ لَكُمْ۔ وَاحْفَظُوْهُ كَسَوَادِ اَعْيُنِكُمْ۔ اِنِّيْ تَارِكٌ لَكُمْ فِيْ اَرْضِيْ كَنْزًا۔ تَرْجِعُوْنَ بَعْدِيْ اِلَيْهِ۔ وَتَعْتَمِدُوْنَ فِي الشَّدَائِدِ عَلَيْهِ۔ فَعَلَيْكُمْ بِاسْتِخْرَاجِهِ مِنْهَا۔ ثُمَّ اِنَّهُ وَدَّعَهُمْ وَدَعَ الدُّنْيَا مَعَهُمْ۔ وَبَعْدَ اَنْ دَفَنُوْهُ اَقَامُوْا مَرَاسِمَ الْمَاتَمِ۔ ثُمَّ دَرَسُوا الْاَرْضَ صَبَاحًا وَمَسَاءً۔ وَاَخَذُوْا يُكْثِرُوْنَ فِيْهَا مِنَ الْبَحْثِ وَالتَّنْقِيْبِ حَتّٰى جَعَلُوْا عَالِيَهَا سَافِلَهَا۔ وَبَعْدَ اَنْ تَعِبُوا اللَّيَالِيَ وَالْاَيَّامَ لَمْ يَعْثُرُوْا عَلٰى شَيْءٍ۔ فَجَلَسُوْا بَاكِيْنَ سَاخِطِيْنَ۔ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ۔ ثُمَّ اتَّفَقُوْا عَلٰى اَنْ يَزْرَعُوْهَا

نَشَرَعُوا فِي الزَّرْعِ وَالسَّقْيِ بِجِدٍّ وَنَشَاطٍ ۔ حَتّٰى جَاءَتْ بِحَاصِلَاتٍ كَثِيرَةٍ ۔ وَخَيْرَاتٍ عَمِيمَةٍ ۔ فَاسْتَقَامَتْ أُمُورُهُمْ ۔ وَانْتَظَمَتْ أَحْوَالُهُمْ ۔ وَفَتَحَ اللّٰهُ لَهُمْ أَبْوَابَ الْاِكْتِسَابِ وَصَارُوا فِي حَالَةٍ حَسَنَةٍ ۔ وَثَرْوَةٍ مُسْتَحْسَنَةٍ ۔ وَعَلِمُوا أَنَّ وَالِدَهُمْ لَمْ يُرِدْ بِالْكَنْزِ الْمَالَ الْمَدْفُونَ وَلَا نَفِيسَ الْجَوَاهِرِ الْمَكْنُونَ ۔ بَلْ أَرَادَ بِالْكَنْزِ الشُّغْلَ وَتَرْكَ الْبَطَالَةِ وَالْكَسَلِ ۔

سُوالاتِ گرامر - (۱) مُستحیل کیا صیغہ ہے - اور کس باب سے ہے - اور مادہ اسکا کیا ہے - (۲) جتنے حروفِ عطف اس سبق میں آئے ہیں - ان کو بیان کرو - (۳) فاعل اور مفعول کا اعراب کیا ہوتا ہے - چند ایک مثالیں اسی سبق سے بتاؤ ۔

عربی میں ترجمہ کرو - کسی شخص نے مرتے وقت اپنی اولاد کو بلاکر جمع کیا - اور کہا - دیکھو میں اب مرتا ہوں - میرے پاس مال و دولت بالکل نہیں - سوائے اس زمین کے جسکا تمکو بھی علم ہے - تم یقیناً سمجھ لو - کہ اسمیں ایک مخفی خزانہ ہے - پس اگر تم مال و دولت کے خواہشمند ہو - تو اسی زمین میں اسکو تلاش کرو - اتنا کہکر وہ غریب ان سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہوا ۔

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ عَشَرَ

نَجِيْبٌ - شریف -
مُرَنَّةً - مشق کرایا تھا اسکو -
جَهَّزَهُ - اسکو بہت مال و اسباب دیدیا -
لَيْلَةٌ مُقْمِرَةٌ - چاندنی رات

طَرِيْحٌ - پڑا ہوا -
هَرَمٌ - سخت بوڑھا ہونا -
فَرِيْسَةٌ - شکار کیا ہوا جانور -
اِنْثَنٰى - لوٹ کر واپس آیا -

حُكِيَ اَنَّهُ كَانَ لِرَجُلٍ مِنْ اَغْنِيَاءِ التُّجَّارِ وَلَدٌ نَجِيْبٌ - مَرَّنَهُ مِنْ صِغَرِ سِنِّهِ عَلَى التِّجَارَةِ بِبَلَدِهٖ - فَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهُ - اَرَادَ اَنْ يُعَوِّدَهُ عَلَى الْاَسْفَارِ فِيْ تِجَارَةِ الْاَقْطَارِ - فَجَهَّزَهُ تَجْهِيْزًا يَلِيْقُ بِاَمْثَالِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَمَضَى الْغُلَامُ - وَفِيْ اَثْنَاءِ سَفَرِهٖ نَزَلَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْ بَعْضِ الْمُرُوْجِ - وَكَانَتِ اللَّيْلَةُ مُقْمِرَةً - فَصَارَ يَمْشِيْ - وَقَدْ مَضٰى جُزْءٌ مِنَ اللَّيْلِ - فَبَصُرَ بِثَعْلَبٍ طَرِيْحٍ عَلَى الْاَرْضِ - وَقَدْ اَخَذَهُ الْهَرَمُ وَالْاِعْيَاءُ - وَضَعُفَ عَنِ الْحَرَكَةِ فَوَقَفَ عِنْدَهُ - وَاَخَذَ يَتَفَكَّرُ فِيْ اَمْرِهٖ وَيَقُوْلُ - كَيْفَ يُرْزَقُ هٰذَا الْحَيَوَانُ الْمِسْكِيْنُ وَمَا اَظُنُّ اِلَّا اَنَّهُ يَمُوْتُ جُوْعًا - فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ - اِذَا هُوَ بِاَسَدٍ مُقْبِلٍ قَدِ افْتَرَسَ فَرِيْسَةً - فَجَاءَ حَتّٰى

قَرُبَ مِنَ الثَّعْلَبِ۔ فَأَكَلَ مِنْهَا حَتّٰى شَبِعَ۔ وَتَرَكَ بَقِيَّتَهَا وَمَضٰى۔ فَعِنْدَ ذٰلِكَ أَخَذَ الثَّعْلَبُ يَتَحَرَّكُ قَلِيلًا۔ حَتّٰى انْتَهٰى إِلٰى مَا تَرَكَهُ الْأَسَدُ فَأَكَلَهُ حَتّٰى شَبِعَ۔ وَالْغُلَامُ يَتَعَجَّبُ مِنْ صُنْعِ اللّٰهِ فِيْ خَلْقِهٖ۔ وَمَا سَاقَ لِهٰذَا الْحَيَوَانِ الْعَاجِزِ مِنْ رِزْقِهٖ۔ وَقَالَ لَمَّا كَانَ الْخَالِقُ سُبْحَانَهٗ قَدْ تَكَفَّلَ بِالْأَرْزَاقِ۔ فَلِأَيِّ شَيْءٍ نَحْمِلُ مَشَاقَّ الْأَسْفَارِ۔ ثُمَّ انْثَنٰى رَاجِعًا إِلٰى وَالِدِهٖ۔ فَأَخْبَرَهُ الْخَبَرَ۔ وَشَرَحَ لَهٗ مَا ثَنٰى عَزْمَهٗ عَنِ السَّفَرِ۔ فَقَالَ لَهٗ يَا بُنَيَّ۔ قَدْ أَخْطَأْتَ النَّظَرَ۔ إِنَّمَا أَرَدْتُ بِكَ أَنْ تَكُوْنَ أَسَدًا۔ تَأْوِيْ إِلَيْكَ الثَّعَالِبُ الْجِيَاعُ۔ لَا أَنْ تَكُوْنَ ثَعْلَبًا جَائِعًا تَنْتَظِرُ فَضْلَةَ السِّبَاعِ۔ فَقَبِلَ نَصِيْحَةَ أَبِيْهِ۔ وَرَجَعَ لِمَا كَانَ فِيْهِ؀

سُوالاتِ گرامر۔ (۱) کِس لئے یَتَعَجَّبُ مرفوع ہے۔ اور اس کا کیا وزن ہے۔ (۲) لفظِ قَدْ کے ماضی اور مضارع پر داخل ہونے سے ان میں کیا کچھ تغیر پیدا ہوتا ہے؀

عربی میں ترجمہ کرو۔ ایک شریف لڑکا تھا۔ جسکو اپنے والد بزرگوار نے بچپن ہی سے عمدہ اور اچھے اخلاق کی تعلیم دی تھی۔ نیز تجارتی امور میں اسکو آراستہ اور قابل بنا دیا تھا۔ ایک دِن وہ تجارت

کیلئے سفر کو نکلا۔ راستے میں ایک جگہ ایک لومڑی پڑی ہوئی دیکھی۔ جو بوجہ ضعف کے چل پھر نہ سکتی تھی۔ یہ اسکے پاس جاکر کھڑا ہوا۔ اور سوچنے لگا۔ کہ کیسے اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو روزی پہونچاتا ہے ✤

اَلدَّرْسُ السَّابِعَ عَشَرَ

سُلَحْفَاةٌ۔ کچھوا۔
اَرْنَبٌ۔ خرگوش۔
عَدْوٌ۔ دوڑنا۔
لِاَجَلِ۔ بسبب۔
مُقْعِدٌ۔ جو چل پھر نہ سکتا ہو۔
فَاغْتَرَّ۔ پس وہ مغرور اور فریفتہ ہوا۔

حُکِیَ اَنَّ سُلَحْفَاةً وَّ اَرْنَبًا تَسَابَقَا فِی الْعَدْوِ۔ وَجَعَلَتَا الْجَبَلَ بَیْنَهُمَا حَدًّا لِتَسَابُقِهِمَا اِلَیْهِ۔ فَاَمَّا الْاَرْنَبُ فَلِاَجَلِ ذُلَّتِهَا وَخِفَّتِهَا وَسُرْعَتِهَا تَوَانَتْ فِی الطَّرِیْقِ وَنَامَتْ۔ وَاَمَّا السُّلَحْفَاةُ فَلِاَجَلِ ثِقْلِ طَبِیْعَتِهَا لَمْ تَکُنْ تَسْتَقِرُّ وَلَا تَتَوَانٰی فِی الْجَرْیِ۔ فَوَصَلَتْ اِلَی الْجَبَلِ فَعِنْدَ مَا اسْتَیْقَظَتِ الْاَرْنَبُ مِنْ نَوْمِهَا وَجَدَتِ السُّلَحْفَاةَ قَدْ سَبَقَتْ۔ فَنَدِمَتْ حَیْثُ لَا تَنْفَعُهَا النَّدَامَةُ ✤

وَحُکِیَ اَیْضًا اَنَّ اَعْمٰی وَّمُقْعَدًا کَانَا مُقِیْمَیْنِ فِیْ مَدِیْنَةٍ

وَهُمَا فِي غَايَةِ الْفَقْرِ لَا تَأْتِيْ لِلْأَعْمٰى وَلَا حَامِلَ لِلْمُقْعِدِ وَكَانَ فِي تِلْكَ الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ يُطْعِمُهُمَا وَيَسْقِيْهِمَا - وَاسْتَمَرَّا عَلٰى هٰذِهِ الْحَالَةِ إِلٰى أَنْ مَاتَ ذٰلِكَ الْمُحْسِنُ - فَأَقَامَا بَعْدَهُ أَيَّامًا - وَقَدْ تَعِبَا تَعَبًا شَدِيْدًا - فَاتَّفَقَا عَلٰى أَنْ يَحْمِلَ الْأَعْمٰى الْمُقْعِدَ - وَهُوَ يَدُلُّهُ عَلَى الطَّرِيْقِ بِبَصَرِهِ لِيَسْتَطْعِمَا أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ - فَنَجَحَ أَمْرُهُمَا - وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَهَلَكَا -

سُوالاتِ گرامر - (۱) تَوانَتَ اور تَسْتَقِرُّ کیا صیغہ ہیں - (۲) مِنْ نَوْحِهَا میں ضمیر کسکی طرف پھرتی ہے - (۳) قدکن معنوں کے واسطے آتا ہے - (۴) کَانَ کی گردان کرو - (۵) یُسْقِی لازم ہے یا مُتعدّی ؛

(**نوٹ**) اس سبق کی دوسری حکایت کا مضمون اپنی عربی میں بیان کرو ؛

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ عَشَرَ

سَبَاحَةٌ - تیرنا -	مُكَرَّرًا - دُہراتے ہوئے -
بُرْهَةً - تھوڑی مدّت -	تَوَارٰى - چھپ گیا -

حُكِيَ أَنَّ صَبِيًّا نَزَلَ مَعَ رُفَقَائِهٖ فِي نَهْرٍ لِيَغْتَسِلَ

مَعَهُمْ - وَكَانَ مَاهِرًا فِي السِّبَاحَةِ - فَأَخَذَ يَغُوصُ تَحْتَ
الْمَاءِ تَارَةً وَيَطْفُو فَوْقَهُ أُخْرَى - وَبَعْدَ بُرْهَةٍ مِنَ
الزَّمَنِ اخْتَبَطَ فِي الْمَاءِ وَصَاحَ - قَائِلًا أَغِيثُونِي ....
أَدْرِكُونِي فَقَدْ قَرُبْتُ مِنَ الْغَرَقِ - فَبَادَرَ إِلَيْهِ
رُفَقَاؤُهُ - وَمَدُّوا إِلَيْهِ أَيْدِيَهُمْ - وَجَذَبُوهُ إِلَى
الشَّاطِئِ - فَلَمَّا خَرَجَ سَخِرَ مِنْهَا وَضَحِكَ - وَقَالَ أَنَا
لَمْ أَقْصُدْ بِذٰلِكَ إِلَّا الْمِزَاحَ - وَلَمْ يَحْصُلْ لِي أَدْنَى
ضَرَرٍ - وَفِي الْيَوْمِ الثَّانِي نَزَلُوا فِي هٰذَا النَّهْرِ -
وَصَارَ هٰذَا الصَّبِيُّ يُجْهِدُ نَفْسَهُ فِي السِّبَاحَةِ - إِلَى
أَنْ تَعِبَ تَعَبًا شَدِيدًا - وَصَرَخَ كَمَا صَرَخَ بِالْأَمْسِ
مُكَرِّرًا قَوْلَهُ أَغِيثُونِي أَدْرِكُونِي فَقَدْ أَشْرَفْتُ
عَلَى الْغَرَقِ - فَضَحِكَ أَصْحَابُهُ وَقَالُوا إِنَّهُ يَفْعَلُ
كَمَا فَعَلَ أَمْسِ - فَمَا لَبِثَ أَنْ تَوَارَى تَحْتَ الْمَاءِ وَمَاتَ -

حُكِيَ أَنَّ صَيَّادًا اصْطَادَ دُبَّةً وَرَبَّاهَا -
وَصَارَ يَمْشِي بِهَا مِنْ مَكَانٍ إِلَى آخَرَ - فَحَفِظَتْ حُقُوقَ
التَّرْبِيَةِ وَالنِّعْمَةِ - وَدَاوَمَتْ عَلَى خِدْمَةِ الصَّيَّادِ
وَطَاعَتِهِ وَحِفْظِهِ إِذَا نَامَ - وَمُرُورِهَا حَوْلَهُ وِقَايَةً
لَهُ مِنَ الْحَشَرَاتِ الْمُؤْذِيَةِ - فَاتَّفَقَ أَنَّ الصَّيَّادَ نَامَ
مَرَّةً وَالدُّبَّةُ تَحْرُسُهُ عَلَى حَسَبِ عَادَتِهَا - فَسَقَطَتْ

ذُبَابَةٌ عَلٰی وَجْهِهٖ ۔ فَمَنَعْتُهَا مِرَارًا وَّهِیَ تَرْجِعُ ۔ وَتَسْقُطُ عَلٰی وَجْهِهٖ ۔ فَغَضِبْتُ مِنْ ذٰلِكَ ۔ وَاَخَذْتُ قِطْعَةَ حَجَرٍ وَضَرَبْتُ الذُّبَابَةَ بِهَا ۔ وَهِیَ عَلٰی وَجْهِهٖ ۔ فَمَاتَ فِی الْحَالِ ؂

سُوالاتِ گرامر ۔ (۱) اَلنَّهَر اور نَهْر میں کیا فرق ہے ۔ تنوین کِس غرض سے آتی ہے ۔ (۲) احتبط کِس باب سے ہے ۔ اسمیں حروفِ زائد کون سے ہیں ۔ (۳) صرخ سے مضارع معروف بناکر اس کی گردان کرو ۔ (۴) رَبّٰی کِس باب سے ہے ۔ اور اس کا اسمِ مفعول کیا ہوگا ؂

عربی میں ترجمہ کرو ۔ وہ لڑکا بوجہ تیرنے میں ماہر نہونے کے دریا میں غرق ہُوا ۔ آخری کلمات اُسکے مُنہ سے یہی نکلے ۔ کہ خدا کے لئے میری دستگیری کرو ۔ ورنہ میں ڈوبنے لگا ہوں ۔ مگر کسی نے بھی اسکی امداد نہ کی ۔ وہ اپنے باپ کے حقوق تربیت و نعمت کا خیال رکھکر اسکی ہمیشہ خدمت کیا کرتا تھا ۔ یہاں تک کہ اُس نے اپنے باپ کو کبھی اُف تک نہیں کہا ۔ خدا اس پر راضی ہو ؂

اَلدَّرْسُ التَّاسِعَ عَشَرَ

تُخَمَةٌ - بدہضمی -	يَتَمَزَّقُ - پھٹ جائیگا -
نَاشِئَةٌ - پیدا ہونے والی -	مُكَلَّلٌ - جڑا ہوا - (مُرَصَّعٌ)

حُكِيَ اَنَّ طَبِيْبًا عَادَ ذَاتَ يَوْمٍ صَبِيًّا كَانَ يَمْرَضُ كَثِيْرًا بِوَاسِطَةِ التُّخَمَةِ وَالْاٰلَامِ النَّاشِئَةِ مِنْ اِمْتِلَاءِ مِعْدَتِهٖ بِالْاَغْذِيَةِ - فَرَاٰى الطَّبِيْبُ فِيْ يَدِ ذٰلِكَ الصَّبِيِّ كِيْسًا مُكَلَّلًا بِاللُّؤْلُؤِ وَالْمَرْجَانِ - مَمْلُوًّا بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ - فَقَالَ لَهٗ هَلْ هٰذَا الْكِيْسُ الْمَمْلُوُّ بِالدَّرَاهِمِ وَالدَّنَانِيْرِ - يَسَعُ شَيْئًا زِيَادَةً عَمَّا فِيْهِ - فَاَجَابَهُ الصَّبِيُّ بِقَوْلِهٖ كَيْفَ يَسَعُ مَا يَدْخُلُهُ الْاٰنَ - فَقَالَ الطَّبِيْبُ اِذَا اَعْطَيْتُ مِقْدَارًا عَظِيْمًا مِنَ النُّقُوْدِ - هَلْ تَقْدِرُ اَنْ تُدْخِلَهٗ فِي الْكِيْسِ عَلٰى هٰذَا الْحَالِ - قَالَ اِنَّ اِدْخَالَ مَا يَزِيْدُ عَلٰى مَا فِيْهِ مِنَ الْمُحَالِ - فَقَالَ لَهُ الطَّبِيْبُ ضَعْهُ بِالْقُوَّةِ - قَالَ يَتَمَزَّقُ وَهُوَ مُرَصَّعٌ بِاللُّؤْلُؤِ وَالْمَرْجَانِ - ثُمَّ قَالَ لَهُ الطَّبِيْبُ اِعْلَمْ اَيُّهَا الصَّبِيُّ ! اَنَّ مِعْدَتَكَ مِثْلُ هٰذَا الْكِيْسِ - فَمَتٰى اَكَلْتَ اَزْيَدَ مِنْ مِلْءِ بَطْنِكَ - فَقَدْ اَضْعَفْتَ مِعْدَتَكَ وَاَتْلَفْتَهَا - وَجَاءَتْكَ الْاَمْرَاضُ وَالْاٰلَامُ ؎

سُوالاتِ گرمر - (۱) عادَ اور یَمرَضُ کی گردان کرو۔ (۲) بواسطہ اور النّاشئۃ کی تِ کیوں مجرور ہے۔ (۳) فرأی الطّبیب میں رأی کا مفعول کیا ہے۔ یا مُکلّلاً؟ بالتشریح بیان کرو۔ (۴) اَزْیدُ اور اِضعفتَ کیا صیغہ ہیں؟

عربی میں ترجمہ کرو۔ زید نے خالد کے ہاتھ میں ایک خوبصورت چھڑی دیکھی۔ جس پر جواہرات کا خوب چھڑاؤ کیا ہؤا تھا۔ خالد نے اسکو پسند کیا اور وہ اس سے لے لی۔

(**نوٹ**) کم خورد و کم نوش پر ایک چھوٹا سا جواب مضمون عربی میں تحریر کرو؟

اَلدَّرْسُ الْعِشْرُوْن

وَثَبَ - کودا۔	اَنْیَابٌ - کچلیاں۔ جمع نَابٌ کی۔
شَرَرٌ - انگارے۔	فَرَائِصُ - کاندھے۔ جمع فَرِیصَۃ کے۔

حُکِیَ اَنَّ اَھْلَ مَدِیْنَۃٍ مِنَ الْمُدُنِ کَانُوْا مُشْتَغِلِیْنَ بِاللَّھْوِ وَاللَّعِبِ فِیْ یَوْمِ عِیْدٍ لَھُمْ۔ وَبَیْنَمَا ھُمْ عَلٰی تِلْکَ الْحَالَۃِ اِذْ فَرَّ اَسَدٌ مِنْ قَفَصِ الْحَدِیْدِ الْمُعَدِّ لِحَبْسِہٖ۔ وَوَثَبَ عَلَی النَّاسِ۔ وَشَعْرُہٗ قَآئِمٌ کَالشَّوْکِ تَتَوَقَّدُ عَیْنَاہُ کَاَنَّ بِھِمَا شَرَرًا مِنْ شِدَّۃِ غَضَبِہٖ۔ فَحَصَلَ لِلنَّاسِ رُعْبٌ شَدِیْدٌ۔ وَوَلَّوْا ھَارِبِیْنَ۔

وَفِي أَثْنَاءِ هَرَبِهِمْ وَازْدِحَامِهِمْ سَقَطَ طِفْلٌ.... مِنْ يَدَيْ أُمِّهِ عَلَى الْأَرْضِ. وَقَبْلَ تَمَكُّنِهَا مِنْ أَخْذِهِ وَثَبَ عَلَيْهِ السَّبُعُ فَاتِحًا فَمَهُ. وَالْتَقَمَهُ بَيْنَ أَنْيَابِهِ فَعِنْدَ ذٰلِكَ صَرَخَتِ الْأُمُّ صَرْخَةً شَدِيْدَةً ارْتَجَّتْ مِنْهَا الْأَرْضُ. وَانْكَبَّتْ عَلَى رُكْبَتَيْهَا. وَفَرَائِصُهَا تَرْعَدُ خَوْفًا عَلَى وَلَدِهَا. وَمَدَّتْ ذِرَاعَيْهَا إِلَى الْأَسَدِ بِحَالَةِ تَلَهُّفٍ وَتَحَسُّرٍ. قَائِلَةً ارْجِعْ لِيْ وَلَدِيْ. فَالْتَفَتَ إِلَيْهَا الْأَسَدُ. وَتَفَرَّسَ فِيْ حَالَتِهَا بُرْهَةً مِنَ الزَّمَنِ ثُمَّ وَضَعَ الطِّفْلَ عَلَى الْأَرْضِ وَتَرَكَهَا وَذَهَبَ ٭

سوالاتِ گرامر۔ (۱) اہلِ مدینۃ کیوں منصوب ہے۔ (۲) قائم کی گردان کرو۔ اور بتاؤ۔ کہ اسم فاعل کا صیغہ کسطرح بنایا جاتا ہے (۳) ارتجّت لازم ہے یا متعدّی (۴) اِرجع سے امر غائب بناکر اسکی گردان کرو۔

نوٹ:۔ ماں کی محبت پر ایک مختصر مضمون عربی میں کل لکھکر لاؤ ٭

اَلدَّرْسُ الْحَادِي وَالْعِشْرُوْنَ ـ فِي النَّصَائِحِ الْأَدَبِيَّةِ

أَدَوَاتٌ ۔ اسباب۔ سامان۔	مُشَاتَمَةٌ ۔ آپسمیں گالی گلوچ کرنا۔
مُنْعَزِلًا ۔ علیحدہ طور پر۔	هَوْلٌ ۔ خوف ۔ ڈر۔
حَالًا ۔ اسی وقت۔ فورًا۔	ثَقْبٌ ۔ سوراخ۔
تَثَاؤُبٌ ۔ جمائی لینا۔	

اِجْلِسْ اَمَامَ مُعَلِّمِكَ بِالْأَدَبِ وَالْإِحْتِرَامِ - وَكُنْ نَظِيْفَ الْوَجْهِ وَالْيَدَيْنِ - إِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَسْأَلَ اَوْ تُجِيْبَ فَارْفَعْ يَدَكَ الْيُمْنٰى اِشَارَةً لِلْمُعَلِّمِ - لَا تَنْطِقْ بِاَيِّ كَلِمَةٍ اِلَّا بَعْدَ اَنْ يَأْذَنَ لَكَ الْمُعَلِّمُ سَائِلًا اَوْ مُجِيْبًا - لَا تَضَعْ رِجْلًا عَلٰى رِجْلٍ اَمَامَ اُسْتَاذِكَ - لَا تَضَعْ كَفَّكَ تَحْتَ ذَقْنِكَ وَقْتَ الدَّرْسِ - كُنْ اَثْنَاءَ الدَّرْسِ نَشِيْطًا مُتَيَقِّظًا - وَلَا تَلْعَبْ بِيَدِكَ - وَلَا تَخْبِطْ بِرِجْلَيْكَ - لَا تَشْتَغِلْ بِغَيْرِ دَرْسِ الْمُعَلِّمِ الْحَاضِرِ - اِجْعَلْ هِمَّتَكَ فِي الْفَهْمِ وَسُؤَالِ الْأُسْتَاذِ عَمَّا لَا تَفْهَمُهُ - اِشْتَغِلْ فِي الْمَدْرَسَةِ بِكُلِّ هِمَّةٍ وَنَشَاطٍ - اِجْتَهِدْ فِيْ اَنْ تَكُوْنَ خَطُّكَ نَظِيْفًا يُقْرَأُ - تَجَنَّبْ قِرَاءَةَ الرَّسَائِلِ الَّتِيْ لَيْسَتْ بِمَطْلَبِكَ - إِذَا تَثَاءَبْتَ فَضَعْ يَدَكَ عَلٰى فَمِكَ - اِحْفَظْ كُتُبَكَ وَاَوْرَاقَكَ وَاَدَوَاتِ تَعْلِيْمِكَ - رَتِّبْ اَدَوَاتِ تَعْلِيْمِكَ تَرْتِيْبًا مُنْتَظِمًا - اِجْعَلْ كُلَّ قِسْمٍ مِنْ اَدَوَاتِ التَّعْلِيْمِ مُنْعَزِلًا عَنِ الْآخَرِ لِتَجِدَهُ حَالًا اِذَا طَلَبْتَهُ - اَحِبَّ مُعَلِّمَكَ وَاحْتَرِمْهُ وَاشْكُرْهُ - لَا تَضَعْ يَدَكَ فِيْ جُيُوْبِكَ اَمَامَ مُعَلِّمِكَ وَرَئِيْسِكَ - كُنْ صَادِقًا مَا تَقُوْلُهُ وَلَا تَحْلِفْ وَلَوْ كُنْتَ صَادِقًا - اِحْتَرِسْ مِنْ مُشَاتَمَةِ النَّاسِ - وَلَا تَنْطِقْ بِالْكَلَامِ

اَلْفَاحِشِ - تَعَوَّدْ عَلَى الصِّدْقِ مِنْ صِغَرِكَ - لَا تَكُنْ مِمَّنْ يَلْعَنُ اِبْلِيْسَ بِالْعَلَانِيَةِ وَيُوَالِيْهِ فِي السِّرِّ - لَا تَكْذِبْ مَهْمَا كَانَ هَوْلُ الْعِقَابِ - كُنْ مُؤَدَّبًا مَعَ جَمِيْعِ النَّاسِ - وَلَا تَكُنْ مُسِيْئًا لِغَيْرِكَ - لَا تَسْتَرِقِ السَّمْعَ وَلَا تَنْظُرْ مِنْ ثُقْبَةِ الْبَابِ خُفْيَةً - لَا تَصْرِفْ دَرَاهِمَكَ فِيْمَا لَا يَنْفَعُ - لَا تَمُدَّ يَدَكَ لِلْأَخْذِ مِنَ النَّاسِ - لَا تَضْحَكْ مِنْ غَيْرِ عَجَبٍ وَلَا تَمْشِ فِي غَيْرِ اَدَبٍ - لَا تَكُنْ رَطْبًا فَتُعْصَرَ - وَلَا يَابِسًا فَتُكْسَرَ - كُنْ وَسَطًا وَامْشِ جَانِبًا.

سُوالاتِ گرامر - (۱) اَوْ کیسا حرف ہے - اس قسم کے اور بھی چند حروف کے نام لو - (۲) یَدَیْنِ کا واحد اور جمع کیا ہوگا (۳) سَأَلَ سے اسمِ فاعل اور اسمِ مفعول کیا ہوگا - (۴) لَا تَضَعْ کیا صیغہ ہے - (۵) لَا تَحْلِفْ سے با نونِ ثقیلہ پوری گردان کرو +

عربی میں ترجمہ کرو - جب ماسٹر صاحب سے تمہنے کچھ پوچھنا ہو - تو کھڑے ہوکر پوچھا کرو - سبق پڑھتے وقت اُدھر اِدھر مت دیکھا کرو - اُستاد کے سامنے با ادب بیٹھا کرو - جو کچھ وہ تمہیں کہیں - اُسے خوب غور سے سُنو - لباس اور بدن کو ہمیشہ صاف رکھا کرو - آج کا کام کل پر نہ چھوڑو - سچ بولنے کی عادت ڈالو +

اَلدَّرْسُ الثَّانِي وَالعِشْرُوْنَ - اَيْضًا فِي النَّصَائِحِ

تَوَانِيْ - نرمی آہستگی کرنا۔	مِرْقَاتْ - سیڑھی۔
ضَرِيْرٌ - اندھا۔	حَازِمٌ - دانا۔ ہوشیار۔
مَقْذُوْفٌ - پھینکا ہُوا۔	اَشْبَاحٌ - اجسام۔ جمع شَبَحٌ۔

مَنْ تَوَاضَعَ وُقِّرَ وَمَنْ تَعَاظَمَ حُقِّرَ - تَبًّا لِمَنْ قَعَدَ فِي الصَّوَامِعِ لِيُعْرَفَ بِالْاَصَابِعِ - اَلْجَاهِلُ يَطْلُبُ الْمَالَ وَالْعَاقِلُ يَطْلُبُ الْكَمَالَ - اَلْوَضِيْعُ إِذَا ارْتَفَعَ تَكَبَّرَ - وَاِذَا حَكَمَ تَجَبَّرَ - اُطْلُبِ الْجَارَ قَبْلَ الدَّارِ - فِي الْعَجَلَةِ النَّدَامَةُ وَفِي التَّوَانِي السَّلَامَةُ - خَيْرُ الْكَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ - مَنْ لَمْ يَتَعَلَّمْ مِنْ صِغَرِهٖ لَمْ يَتَقَدَّمْ فِي كِبَرِهٖ - صِحَّةُ الْجِسْمِ فِي قِلَّةِ الطَّعَامِ وَصِحَّةُ الرُّوْحِ فِي اجْتِنَابِ الْاَثَامِ - عِلْمٌ لَا يُصْلِحُكَ ضَلَالٌ وَعِلْمٌ لَا يَنْفَعُكَ وَبَالٌ - اَفْضَلُ النَّاسِ مَنْ كَانَ بِعَيْبِهٖ بَصِيْرًا وَعَنْ عَيْبِ غَيْرِهٖ ضَرِيْرًا - لَا فَرَحَ اِلَّا بِالْحَسَنَاتِ وَلَا حُزْنَ اِلَّا بِالسَّيِّئَاتِ - حَرَكَةُ الْاِقْبَالِ بَطِيْئَةٌ - وَحَرَكَةُ الْاِدْبَارِ سَرِيْعَةٌ - لِاَنَّ الْمُقْبِلَ كَالصَّاعِدِ مِرْقَاةً وَالْمُدْبِرَ كَالْمَقْذُوْفِ مِنْ مَوْضِعٍ عَالٍ - مَنْ قَوَّمَ لِسَانَهٗ زَانَ عَقْلَهٗ وَمَنْ

سَدَّدَ كَلَامَهُ اَبَانَ فَضْلَهُ - مَنْ صَدَقَ فِي مَقَالِهِ زَادَ فِي جَمَالِهِ - اَلْعِلْمُ غِذَاءُ الْاَرْوَاحِ - كَمَا اَنَّ الطَّعَامَ غِذَاءُ الْاَشْبَاحِ - عِلْمٌ بِلَا عَمَلٍ كَحَمْلٍ عَلَى جَمَلٍ - بِالْاِمْتِحَانِ يُكْرَمُ الْمَرْءُ اَوْ يُهَانُ - مَنْ طَلَبَ مِنَ اللَّئِيْمِ حَاجَةً كَانَ كَمَنْ طَلَبَ السَّمَكَ فِي الْمَفَازَةِ - مَنْ بَلَغَ غَايَةَ مَا يُحِبُّ فَلْيَتَوَقَّعْ غَايَةَ مَا يَكْرَهُ - لَيْسَ مِنْ عَادَةِ الْكِرَامِ سُرْعَةٌ فِي الْاِنْتِقَامِ مَسَرَّاتُ الدُّنْيَا مَقْرُوْنَةٌ بِالسَّمِّ - تَعَاشَرُوْا كَالْاِخْوَانِ وَتَعَامَلُوْا كَالْاَجَانِبِ ؛

سُوالاتِ گرامر - تواضع کس باب سے ہے - اور اسکا مادہ کیا ہے - (۲) ضمیع کس وزن پر ہے - اور کیا صیغہ ہے - (۳) بطیئۃ اور سریعۃ کس وزن پر ہیں ؛

عربی میں ترجمہ کرو - جاہل طالب دنیا ہوتا ہے - اور عاقل طالب دین - بات وہ کہو - جو جامع ہو اور مُدلّل - راست باز آدمی ہمیشہ جمال میں ترقی کرتا ہے - علم ایک وحشی ہے جو بجز بار بار اسپر حملہ کرنے کے کبھی حاصل نہیں ہوتا - بخیل آدمی سے طلب حاجات کرنا گویا جنگل میں مچھلیوں کا ڈھونڈھنا ہے ؛

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ - فِي الْاَسْوِلَةِ وَالْاَجْوِبَةِ

اَلْكَرَمُ - سخاوت -	يُسَيِّدُ - سردار بنا دیتا ہے -
طَالِحٌ - بدکار آدمی -	زَاهِدٌ - نیک آدمی -

